پیمرا ہیڈکوارٹرز،
ماؤوا ایریا، جی۔ ایٹ۔ ون،
اسلام آباد۔
فون: 051-9107128
فیکس: 051-9107129

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی
پیمرا ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد
***

PEMRA

پریس ریلیز

مؤثر تاخیری نظام نہ ہونے پر پیمرا نے اے آر وائی نیوز اور بول نیوز کی نشریات تین روز کے لیے معطل کر دیں

اسلام آباد: 15 ستمبر 2022ء

پیمرا نے مؤرخہ 15 ستمبر 2022ء کو احکامات جاری کرتے ہوئے دو نیوز چینلز "بول اور اے آر وائی" کی نشریات تین یوم کے لیے معطل کر دیں۔ دونوں چینلز بغیر کسی مؤثر تاخیری نظام (Time Delay Mechanism) کے نشریات جاری رکھے ہوئے تھے۔

واضح رہے کہ اس سلسلے میں اتھارٹی نے 5 ستمبر 2022ء کو احکامات جاری کیے تھے جن کا مقصد اعلیٰ عدلیہ کے فیصلوں اور پیمرا قوانین پر عملدرامد کرانا تھا۔ ان احکامات کے تحت تمام چینلز کو ہدایات جاری کی گئیں تھیں کہ مؤثر تاخیری نظام (Time Delay Mechanism) اور ایڈیٹوریل بورڈ کے حوالے سے کی گئی پیشرفت / اقدامات پر اتھارٹی کو آگاہ کیا جائے۔ اتھارٹی ان اقدامات کی تصدیق کے بعد براہ راست یا تاخیر سے نشر کرنے سے متعلق احکامات صادر کرے گی۔ لہٰذا اس دوران کسی بھی چینل کو براہ راست عوامی تقریبات کی کوریج کی اجازت نہیں ہو گی۔

یاد رہے کہ دونوں چینلز مسلسل پیمرا قوانین اور احکامات کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اور مذکورہ خلاف ورزی پر چینلز کو اظہار وجوہ کے نوٹسز جاری کرتے ہوئے ان چینلز کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز کو ذاتی شنوائی کے لیے بلوایا گیا تاہم وہ اتھارٹی کے سامنے پیش ہونے سے قاصر رہے اور محض اپنا تحریری جواب جمع کرا دیا۔

تحریری جواب کو مدنظر رکھتے ہوئے اور معاملے کی سنگینی کے پیش نظر اتھارٹی نے دونوں چینلز بول اور اے آر وائی کی نشریات تین یوم کے لیے معطل کر دیں اور اس سلسلے میں تمام کیبل اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورکس کو احکامات جاری کر دیے گیے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل
(میڈیا و تعلقاتِ عامہ)